Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۰ جمادی الاول ۱۳۵۳ھ ہجری مطابق ۱ ستمبر ۱۹۳۴ء

حصہ دوئم

احکام منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان

احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر	۳۲۲		۵	احکام اجلاس صاحب چیف انجینیر بہادر	۹
احکام اجلاس صاحب پولیٹکل منسٹر بہادر	۵۵۳		۷	انجمن اجلاس ناظم صاحب حلقہ بجولی	۱۰
احکام اجلاس صاحب ہاوس ہولڈ منسٹر بہادر	۹		۸	نقشہ نرخنامہ اجناس	۱۱
فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ	۹۶۷		۸	" بارش	۱۲

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار:- واقع ۴ ستمبر ۱۹۳۴ء

سینہ جات میں رقوم نزدوات کثیر تعداد میں باقی ہیں جو ابتک صاف نہیں ہوئی ہیں۔ بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم کا حکم ہے کہ ہماری تشریف آوری سے قبل نزدوات میں صاف ہو جائیں۔ ورنہ باعث ناخوشی ہوگا۔

حکم ہوا کہ

اس روبکار کی نقلیں جملہ منسٹر صاحبان بہادر وسکریٹری صاحبان بہادر کی خدمتمیں مرسل ہوں۔ صفائی نزدوات کیلئے تاکیدی احکام سینہ جات ماتحت میں جاری فرمائے جائیں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

حکم:- واقع ۴ ستمبر ۱۹۳۴ء

حسب تحریر صاحب ریونیو منسٹر بہادر دربارہ منظوری رخصت رعایتی ایک ماہ مطلوبہ شبیر علی انسپکٹر آبکاری مشاہرہ وارسالہ [illegible] روپیہ ماہوار الاؤنس از تاریخ استفادہ بعد ۸ ستمبر ۱۹۳۴ء حسب تصدیق صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل بضرورت کارہائے [illegible] بدیں صراحت کہ الاؤنس دوران رخصت میں نہیں ملیگا۔

حکم

حسب تحریر صاحب ریونیو منسٹر بہادر تاریخ استفادہ سے ایکماہ کی رخصت رعایتی شبیر علی انسپکٹر آبکاری منظور ہے۔ ایام رخصت میں انکا کام دوسرے سب انسپکٹران انجام دینگے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

روبکار:- واقع ۲ ستمبر ۱۹۳۴ء

اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم جب رامپور تشریف لائیں تو کوئی شخص رامپور کے علاوہ کسی دوسری جگہ استقبال کو نہ جائے۔ اگر کسی نے ایسا کیا کہ کسی دوسرے اسٹیشن پر استقبال کےلئے گیا تو اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم کی ناخوشی کا باعث ہوگا۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا اطلاع عام کیلئے درج گزٹ ہو۔

بائی آرڈر

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:- واقع ۴ ستمبر ۱۹۳۴ء

تصحیح کردی جائے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

تحریر صاحب آنریری منسٹر بہادر مورخہ ۳ ستمبر ۱۹۳۴ء

بخدمت شریف جناب صاحب چیف منسٹر بہادر

جنابمن

گزٹ مطبوعہ یکم ستمبر ۱۹۳۴ء کے دیکھنے سے معلوم ہوا کہ لفٹننٹ ہادی علیخاں ایڈجوٹنٹ سکنڈ رامپور مرتضی انفنٹری کے نام کے تمغے جہاں کہیں انکا نام چھاپا گیا ہے ان کا رینک بجائے لفٹننٹ کے سکنڈ لفٹننٹ چھاپا گیا ہے درحقیقت ہادی علیخاں صاحب کا رینک لفٹننٹ ہے سکنڈ لفٹننٹ نہیں ہے۔ ملاحظہ ہو گزٹ مذکور صفحہ اول عـ۲ ایڈجوٹنٹ سکنڈ لفٹننٹ مرتضی انفنٹری چھاپا گیا حالانکہ یہ (لفٹننٹ ایڈجوٹنٹ سکنڈ مرتضی انفنٹری) ہونا تھا۔ اگر جناب بھی مناسب تجویز فرماویں تو اسکی تصحیح ہونا چاہئے۔ آئندہ رائے سامی فقط

نیازمند

دستخط صاحب آنریری منسٹر

حکم:- واقع ۵ ستمبر ۳۶ء

بشمول رپورٹ ناظر اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر
در بارہ صدور حکم اخراج نام مسمی انعام اللہ خاں۔
جمعدار پوشاک عالیجناب نواب ولیعہد بہادر در دولتخانہ
شاہی وارثین [illegible] روپیہ بوجہ فوتی بتاریخ ۱۴ اگست ۳۶ء
بوقت گیارہ بجے شب و عطائے مبلغ [illegible] بابتہ
تنخواہ ایام حیات متوفی ماہ اگست ۳۶ء بہ ورثائے
متوفی۔

حکم

بموجب رپورٹ۔ انعام اللہ خاں جمعدار متوفی کا اخراج
اسم تاریخ فوتی سے منظور ہے۔ ناظر اجلاس متوفی کی
تنخواہ باقی حسب قاعدہ ورثاء کو دیدیں۔ احکام
ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

احکام اجلاس صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

منظوری تقرر و رخصت

سعادت بیگم معلانی تعلیل کلاں نے استعفادہ حاصل کر کے کام پر نہ آئی اور ایک ماہ کی رخصت کی درخواست پیش کی اس کو استحقاق رخصت حاصل نہیں ہے۔

لہذا رخصت ایکماہ من ابتدائے یکم جولائی ۱۹۳۲ء بوضع تنخواہ منظور کیجاتی ہے۔ ہیڈ مسٹرس صاحب نے معلانی مذکور کی جگہ چندہ بیگم کے تقرر کی رپورٹ کی ہے

لہذا چندہ بیگم کا تقرر ۹ر جولائی ۱۹۳۲ء سے ۳۱ر جولائی ۱۹۳۲ء تک بجائے سعادت بیگم بشاہرہ عہ پر پایہ منظور ہے سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۱۰ر ستمبر ۱۹۳۲ء — دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

اخراج اسم

انوار حسین مدرس پرسہ تحصیل حضور کا بتاریخ ۲۰ر اگست ۱۹۳۲ء کو انتقال ہوگیا لہذا یوم فوتی سے اخراج اسم منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۱۰ر ستمبر ۱۹۳۲ء — دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

رخصت

ثبتہ یادداشت صاحب ڈپٹی سکریٹری سیکشن ۲ دربارہ منظوری رخصت رعایتی ایکماہ مطلوبہ محمد اختر محرر محافظ خانہ دیوانی سیکشن ۲ مشاہرہ در عہ از یوم استعفادہ بغرض معالجہ نامبردہ (حسب تصدیق صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل)

حکم

حسب یادداشت ڈپٹی سکریٹری صاحب سیکشن ۲ محمد اختر محرر محافظ خانہ سیکشن ۲ کی رخصت رعایتی ایکماہ یوم استعفادہ سے منظور ہے

نامبردہ کو رخصت رعایتی کا حق حاصل ہے۔

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۱۰ر ستمبر ۱۹۳۲ء — دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

رخصت

۱۰ر ستمبر ۱۹۳۲ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس ریاض الحسن خاں مدرس مدرسہ لال پور کلاں کی رخصت مزید ۲ یوم ۲۸ر و ۲۹ر اگست ۱۹۳۲ء بوضع نصف تنخواہ منظور ہے۔

احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر)

رخصت

۱۰ر ستمبر ۱۹۳۲ء

مثبتہ یادداشت انسپکٹر صاحب مدارس دربارہ منظوری رخصت مزید رعایتی چند یوم بوضع نصف تنخواہ مسمی امین الدین مدرس مدرسہ پیلپارہ تحصیل ملک از ۲۴ر لغایت ۲۹ر اگست ۱۹۳۲ء بوجہ علالت نامبردہ۔

حکم

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس امین الدین مدرس مدرسہ پیلپارہ کی رخصت رعایتی مزید چند یوم بوضع نصف تنخواہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر)

رخصت

۱۰ ستمبر ۱۹۳۴ء

سید خورشید حسن مدرس پرائمری مڈل اسکول چودہ یوم کی رخصت
عائتی بوضع نصف تنخواہ از ۶ اگست ۱۹۳۴ء تا
۱۹ اگست ۱۹۳۴ء حاصل کر چکا ہے۔ رخصت
کے سلسلہ میں بارہ یوم کی رخصت علالت کا خواستگار ہے
اس قسم کی رخصت میں دوسری قسم کی رخصت دیجانے
قاعدہ نہیں ہے۔ لہذا خورشید حسن مدرس کی رخصت
بیماری بارہ یوم از ۲۰ اگست ۱۹۳۴ء تا ۳۱ اگست
بوضع نصف تنخواہ منظور ہے۔ رخصت سابقہ متصلہ چودہ یوم
رخصت علالت میں شمار ہوگی۔ ۱۹ اگست ۱۹۳۴ء
سے سید نور الحسن سے مدرس کی جگہ پر کام لیا جا رہا ہے
لہذا تاریخ کارکردگی ۱۹ اگست سے بقیہ نصف تنخواہ
سید نور الحسن کو ملیگی۔ سررشتہ صدر سے احکام صادر کیے جائیں۔
(دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر)

تبادلہ جات

واقع ۱۰ ستمبر ۱۹۳۴ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس بدین خلاصہ
در سلسلہ تقرر منشی تنویر احمد مشاہرہ دو ۲۰ بیس روپیہ
ماہوار حسب ذیل تقرر و تبادلہ جات کی منظوری
صادر فرمائی جاوے۔

منشی تنویر احمد کا تقرر بمشاہرہ ۲۰ بیس روپیہ ماہوار بہ عہدہ مدرسی
مدرسہ گیر سیف الدین خاں منتقل شدہ بمدرسہ عالیہ
منشی صفدر علیخان تنخواہ دار ۱۵ پندرہ روپیہ موجودہ
مدرس اول گیر سیف الدین خاں بمشاہرہ موجودہ مدرسہ مذکور کی
مدرس دوم رہینگے۔
سید شہزادہ علی تنخواہ دار ۱۵ پندرہ روپیہ مدرس دوم
مدرسہ گیر سیف الدین خاں منتقل شدہ بمدرسہ عالیہ کا تبادلہ
بمشاہرہ موجودہ بجائے نائب مدرسی پرائمری مڈل اسکول۔
(۴) سید اصغر حسین نائب مدرس پرائمری مڈل اسکول تنخواہ دار
۱۲ بارہ روپیہ کا تبادلہ بمدرسہ مقبرہ تنخواہ موجودہ بجائے
سید تعظیم حسین مدرس دوم۔
(۵) سید تعظیم حسین مدرس دوم مدرسہ مقبرہ تنخواہ دار
۱۲ بارہ روپیہ کا تبادلہ تنخواہ موجودہ جدید جاری ہونیوالے
مدرسہ موضع ... بہ تعمیل حضور۔ سید تعظیم حسین غیر شادی شدہ ہیں۔

حکم

منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۱۰ ستمبر ۱۹۳۴ء
دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

احکام اجلاس جناب صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

رخصت
۳۱ اگست ۱۹۳۳ء

مثل تحریر صاحب ملٹری سکریٹری بہادر در بارہ منظوری رخصت مزید پندرہ (۱۵) یوم سید محمود علی صاحب معصاحب تنخواہ دار یکصد روپیہ ماہوار از ۲۴ اگست ۱۹۳۳ء بسلسلہ رخصت سابقہ بوجہ بقائے علالت۔

حکم
حسب تحریر صاحب ملٹری سکریٹری بہادر و تصدیق سررشتہ اکاؤنٹنٹ جنرل بسلسلہ رخصت سابقہ سید محمود علی صاحب معصاحب کی رخصت رعایتی پندرہ (۱۵) یوم ۲۴ اگست لغایت ۷ ستمبر ۱۹۳۳ء منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط جناب صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

رخصت
۲ ستمبر ۱۹۳۳ء

مثل درخواست سید لطافت علی محرم اوقاف در بارہ عطائے رخصت پندرہ (۱۵) یوم رعایتی بغرض علاج بمقام دہلی۔ مع تحریر سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی

حکم
حسب تحریر سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی و تصدیق استحقاق سررشتہ اکاؤنٹنٹ جنرل سید لطافت محرم اوقاف تنخواہ دار پچاس روپیہ ماہوار کی رخصت رعایتی پندرہ (۱۵) یوم بغرض روانگی دہلی بضرورت علاج یوم استفادہ سے منظور ہے۔

حکم ہوا کہ
سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

عدالت العالیہ ہائیکورٹ ریاست رامپور واقع ۲۴ ستمبر سنہ ۱۹۳۲ء

فہرست چیفی مقدمات جن کی پیشی عدالت العالیہ ہائیکورٹ میں از ابتدائے ۲۹ اگست سنہ ۱۹۳۲ء لغایت ۴ ستمبر سنہ ۱۹۳۲ء ہوئی مسلک برائے طبع جلد سرکاری گزٹ مرسل ہو .... دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر ....

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
[illegible]	جمعہ	•	•	•	تعطیل جمعہ
[illegible]	شنبہ	•	•	•	تعطیل جنم اشٹمی
[illegible]	یکشنبہ	مسٹر معظم علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس	نواب علی خاں بنام مساۃ اختری بیگم	اپیل دیوانی دعویٰ فسخ نکاح۔	آج پیش ہوکر برائے سماعت ۱۲ ستمبر سنہ حال مقرر ہوئی
״	״	״	محمد نبی بنام موہن کنور	اپیل دیوانی دعوے [illegible]	آج پیش ہوکر برائے سماعت ۱۳ ستمبر سنہ حال مقرر ہوئی
״	״	״	احسان اللہ خاں وغیرہ بنام مساۃ سجادی بیگم	نگرانی دیوانی دعویٰ [illegible] بابت تنخواہ	آج پیش ہوکر برائے سماعت ۱۵ ستمبر سنہ حال مقرر ہوئی
״	״	״	شیام لال بنام گوپی ناتھ وغیرہ	نگرانی فوجداری جرم دفعہ [illegible]	آج پیش ہوکر برائے سماعت [illegible] ستمبر سنہ حال مقرر ہوئی
״	״	״	گھاسی بنام مبارک علی	اپیل دیوانی دعویٰ علیحدگی [illegible]	آج پیش ہوکر برائے سماعت ۱۰ ستمبر سنہ حال مقرر ہوئی
״	״	״	لٹھن بنام موہن لال وغیرہ	نگرانی خفیفہ دعویٰ یکصد روپیہ زر اصل وسود	آج پیش ہوکر برائے سماعت ۱۱ ستمبر سنہ حال مقرر ہوئی
״	״	״	رحیم بی بی بنام عبد الستار وغیرہ	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۳۲۳ ت ہ	آج پیش ہوکر برائے سماعت ۹ ستمبر سنہ حال مقرر ہوئی
״	״	״	رضا شوگر کمپنی بنام [illegible]	اپیل دیوانی دعویٰ [illegible]	آج پیش ہوکر برائے سماعت ۱۵ ستمبر سنہ حال مقرر ہوئی
״	״	״	جعفر حسن بیگ بنام کلکٹر بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ [illegible]	آج پیش ہوکر برائے سماعت ۱۰ ستمبر سنہ حال مقرر ہوئی
״	״	״	مراری لال بنام شیخ [illegible]	نگرانی دیوانی دعویٰ بازیافت اسباب	زیر تجویز

ستمبر ۲۳ء	شنبہ	مسٹر معظم علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس	سرکار بہادر بنام رام رتن وغیرہ	متفرقات دیوانی الزام دفعہ ۲۶۵ و ۳۴۷ و ۱۷۱ و ۱۹۶ ات	برائے سماعت ۲۰ ستمبر سنہ حال مقرر ہوئی
״	״	״	مسماۃ صدیقن بنام محمد رفیق عرف خودن وغیرہ	نگرانی دیوانی دعویٰ مہر	نگرانی منظور ہوئی
״	״	مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	بھورے لال بنام سرکار بہادر	ابتدائی دیوانی دعویٰ استقرار حق بتعیین ۱۱۲ روپیہ	زیر تجویز
״	״	״	منی لال بنام فرم بابو رام شنکر لال	اپیل دیوانی دعویٰ بابت قیمت شکر ۹۰۰	برائے سماعت ۳ ستمبر سنہ حال مقرر ہوئی
۳ ستمبر ۲۳ء	دوشنبہ	״	منی لال بنام فرم بابو رام شنکر لال	اپیل دیوانی دعویٰ بابت قیمت شکر ۹۰۰	بر بنائے تصفیہ باہمی فریقین حکم باعث ڈگری ہوا
״	״	״	بھوریلال بنام سرکار بہادر	ابتدائی دیوانی دعویٰ استقرار حق ۱۱۲ روپیہ	عدالت مجاز میں پیش کئے جانے کے واسطے عرضی دعویٰ واپس کی گئی
״	״	مسٹر معظم علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس	رام پال سنگھ بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۵۷ ت	برائے سماعت ۲۳ ستمبر سنہ حال مقرر ہوئی
״	״	״	بنا سنگھ بنام سرکار بہادر ذریعہ رام سروپ	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۰۴ ت	آج پیش ہو کر برائے سماعت ۲۵ ستمبر سنہ حال مقرر ہوئی
״	״	״	پیارے خاں بنام سردار ولی خاں وکیل	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۵۰۰ ت	آج پیش ہو کر برائے سماعت ۲۲ ستمبر سنہ حال مقرر ہوئی
۴ ستمبر ۲۳ء	سہ شنبہ	״	بابو رام وغیرہ بنام منی لال	درخواست منتقلی مقدمہ جرم دفعہ ۳۲۳/۱۴۸ ت	برائے سماعت ۱۱ ستمبر سنہ حال مقرر ہوئی
״	״	مسٹر معظم علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس و مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	علی جان خاں بنام بہاری لال	اپیل دیوانی دعویٰ ۱۱ عہ	برائے سماعت ۲۰ ستمبر سنہ حال مقرر ہوئی
۵ ستمبر ۲۳ء	چہارشنبہ				
۶ ستمبر ۲۳ء	پنجشنبہ	مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	مسماۃ انشا بیگم بنام مسماۃ قمری بیگم	اپیل دیوانی دعویٰ بابت تقسیم و دخلیابی نصف مکان مالیتی ما/ر	زیر پیشی

[illegible]	[illegible]	مسٹر معظم علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس	عبد الستار وغیرہ بنام مساۃ رحیم بی بی	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۴۳۸ و ۱۰۲ ضابطہ فوجداری	زیر پیشی
"	"	"	رحیم بی بی بنام عبد الستار وغیرہ	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۳۲۳/۴۴۸ ت	زیر پیشی
دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر					

احکام اجلاس صاحب چیف انجینیر بہادر

تقرر عارضی

۹ ستمبر ۱۹۳۳ء

حسب منظوری عالی جناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر - بسلسلہ اقتصادی کمیٹی منعقدہ ۶ مئی ۱۹۳۳ء صیغہ تعمیرات میں مفصلہ ذیل اشخاص ساکنان رامپور کے عارضی تقررات ۵ جولائی ۱۹۳۳ء کے بعد عمل میں آئے ہیں - تحریر ہو بغرض اطلاع عام ذریعہ اشاعت گزٹ بخدمت ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر مرسل ہو -

دستخط صاحب چیف انجینیر بہادر

نام	عہدہ	تنخواہ	میعاد ملازمت
نثار حسین	میٹ	عـــہ	تقریباً نو ماہ از ۹ اگست ۱۹۳۴ء لغایت آخر اپریل ۱۹۳۵ء -
امرتی	بیلدار	ــے	"
پورن	"	ــے	"
پرشادی	"	ــے	"
گھاسی	"	ــے	"
عنایت علی	"	ــے	"
لال منی	قلی	ــے	"

رخصت

۹ ستمبر ۱۹۳۳ء

حسب سفارش صاحب اگزیکیٹو انجینیر نمبر ۱ بہ تصدیق اکاؤنٹنٹ آفس نثار خاں نائب علاقہ دار بلاسپور کی رخصت رعایتی دس یوم ۲۸ اگست ۱۹۳۳ء سے منظور کی جاتی ہے کاغذات ہذا بغرض اجرائے احکام ضابطہ بخدمت ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر مرسل ہوں -

(دستخط صاحب چیف انجینیر بہادر)

احکام ناظم صاحب حلقہ جنوبی

رخصت

مثنہ تحریر اکاؤنٹنٹ جنرل صاحب بابتہ تصدیق استحقاق رخصت علالت مزید ایکماہ بوضع نصف تنخواہ محمد یونس خاں محرر متفرقات حضور تحصیل شاہ آباد بابت سوا روپیہ از ۱۳ اگست ۳۳ء۔

حکم

یونس خاں محرر متفرقات حضور تحصیل شاہ آباد امیدوار بوجہ علالت دو ماہ کی رخصت بیماری نصف تنخواہ پر جسکی میعاد ۱۲ اگست ۳۳ء کو ختم ہوگئی ۱۳ اگست ۱۹۳۳ء سے وہ بوجہ بقائے علالت حسب سارٹیفکیٹ ڈاکٹری و استحقاق رخصت نصف تنخواہ ایک ماہ کی مزید رخصت چاہتا ہے۔ محبت علیخاں اس محرر کی قائمقامی کر رہا ہے لہذا نصف تنخواہ پر رخصت مزید یکماہ یونس خاں کو منظور کیجاتی ہے زمانہ رخصت میں اسکو نصف تنخواہ ملے گی۔ اور محبت علیخاں قایم مقام پوری تنخواہ پائیگا جو محمد یونس خاں کی تنخواہ سے حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۳۰ اگست ۱۹۳۳ء

دستخط ناظم صاحب حلقہ جنوبی

جرمانہ

احمد رضا خاں ضلعدار تحصیل شاہ آباد پر رسید کاشتکاران کو نہ جاری کرنے کی بنیاد پر -/8/ جرمانہ کیا جاتا ہے۔ آئندہ ضلعدار کا اس قسم کی شکایت پر سخت تدارک ہوگا۔

احکام صدر سے جاری ہوں۔ ۳۰ اگست ۱۹۳۳ء

دستخط ناظم صاحب حلقہ جنوبی

نقشہ اجناس ریاست رامپور بابت ہفتہ اول ماہ ستمبر سنہ ۱۹۳۴ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰۱۲ار ۱۲ ۱۱ار	۰	۱۱۲ار ۱۰۱۲ار	۰	۱۰۱۲ ۱۱ار ۱۳	۱۳ ۱۱ار	
نخود خالص	۱۱۵ار ۱۵ ۱۱ر	۰	۱۸ ۱ار	۰	۱۱۵ار	۱۱۶ار	
نخود کشتہ آمیز	۱۰۱۷ار ۱۷ ۱۰ار	۰	۱۹ ۱ار	۰	۱۱۶ار	۱۱۷ار	
کت	۱۰۱۷ار ۱۱۸ار	۰	۱۲۰ار	۰	۱۱۷ار	۱۱۸ار	
ماش	۱۳ ۱ار	۰	۰	۰	۱۱۳ار	۱۱۳ار	
مونگ	۱۱۳ار ۱۳ ۱۰ار	۰	۰	۰	۰	۱۱۳ار	
ماش	نرخ بازار	۰	۰	۰	۱۱۸ار	۰	
جئی	۱۱۹ار ۱۰۱۹ار	۲۰	۰	۰	۱۲۰ار	۱۲۲ار	
گوجئی	۰	۰	۰	۰	۱۱۸ار	۱۲۰ار	
علس	۰	۰	۰	۰	۱۱۵ار	۱۱۴ار	
ارہر	۱۱۵ار ۱۱۶ار	۰	۰	۰	۱۱۵ار	۱۱۵ار	
برنج	۹ ۱ار ۱۰۹ار	۰	۱۰۹ار	۰	۱۰۹ار	۱۰۱۰ار	
روغن زرد	۱۱ چھٹانک	۰	۱۲ چھٹانک	۰	۱۲ چھٹانک	۱۲ چھٹانک	
روغن سیاہ	۱۲ ۱ار	۰	۱۰۲ار	۰	۱۳ ۱ار	۲ سیر ۱ار	
روغن کنجد	۱۳ ۱ار ۳ ۱۰ار	۰	۲ ۱ار	۰	۲ ۱۰ار	۱۰۳ار	
نمک سامبر	۱۹ ار	۰	۱۰۹ار	۰	۱۱۰ار	۱۰۹ار	
نمک لاہوری	۵ ۱ار	۰	۱۶ار	۰	۰	۱۸ار	
قند سیاہ	۱۵ار ۱۰۵ار	۰	۱۶ار	۰	۱۵ار	۱۶ار	
باجرہ	نرخ بازار	۰	۰	۰	۰	۰	

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور۔

نقشہ بارش ہفتہ وارین ابتدائے ۳۱ لغایتہ ۶ ستمبر ۱۹۳۴ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل رامپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	بارش یومیہ	بارش از یکم جون	بارش یومیہ	بارش از یکم جون	بارش یومیہ	بارش از یکم جون	بارش یومیہ	بارش از یکم جون	بارش یومیہ	بارش از یکم جون	بارش یومیہ	بارش از یکم جون
۳۱ اگست ۱۹۳۴ء یوم	۲	۲۴۴½	۱½	۳۰۳	۲۹	۳۱۳¼	۰	۱۵۷	۰	۳۱۶	۵	۳۲۷
یکم ستمبر ۱۹۳۴ء یوم	۱	۲۴۵½	۱۷½	۳۰۰½	۰	۳۱۳¼	۱	۱۵۸	۲	۳۱۸	۹	۳۳۶
۲ ستمبر ۱۹۳۴ء یوم	۰	۲۴۵½	۰	۳۰۰½	۳	۳۱۶¼	۷	۱۶۵	۲	۳۲۰	۸½	۳۴۴½
۳ ستمبر ۱۹۳۴ء یوم	۶	۲۵۱½	نقشہ نہیں آیا		۰	۳۱۶¼	۰	۱۶۵	۰	۳۲۰	۰	۳۴۴½
۴ ستمبر ۱۹۳۴ء یوم	۰	۲۵۱½	بشرح صدر		نقشہ نہیں آیا		نقشہ نہیں آیا		نقشہ نہیں آیا		نقشہ نہیں آیا	
۵ ستمبر ۱۹۳۴ء یوم	۰	۲۵۱½	بشرح صدر		بشرح صدر		بشرح صدر		بشرح صدر		بشرح صدر	
۶ ستمبر ۱۹۳۴ء یوم	۰	۲۵۱½	بشرح صدر		بشرح صدر		بشرح صدر		بشرح صدر		بشرح صدر	

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور